NYC HEALTH+ HOSPITALS

غیرمتوقع طبی بلوں کے خلاف آپ کے حقوق اور تحفظات

جب آپ ہنگامی دیکھ بھال حاصل کریں یا ہمارے نیٹ ورک سے باہر، کسی فراہم کنندہ کی جانب سے، ہمارے نیٹ ورک میں موجود اسپتال یا کسی گشتی جراحتی مرکز میں آپ کا علاج معالجہ کیا جائے، تو آپ کو باقیات کی رقم طلبی (یعنی کسی خدمت یا دیکھ بھال کے لیے منظور شدہ رقم سے زائد کی رقم جو باہری فراہم کنندہ حاصل کرے) سے تحفظ حاصل ہے۔ ان صورتوں میں آپ کے منصوبے کی مشترکہ ادائیگی (copayments) یا مشترکہ انشورنس (coinsurance) کی ادائیگی اور/یا قابلِ منہائی رقم سے زیادہ کے اخراجات آپ سے وصول نہیں کئے جانے چاہیں۔

”باقیات کی رقم طلبی“ کیا ہے (بعض اوقات اس کو ”غیرمتوقع باقیات کی رقم طلبی“ بھی کہا جاتا ہے)؟

جب آپ کسی ڈاکٹر یا کسی دیگر صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ سے طبی خدمات حاصل کرتے ہیں تو آپ کو مشترکہ ادائیگی (copayments) یا مشترکہ انشورنس (coinsurance) کی ادائیگی اور/یا قابلِ منہائی جیسی رقوم اپنی جیب سے ادا کرنیں پڑ سکتیں ہیں۔ آپ کو اضافی اخراجات بھی لگ سکتے ہیں یا اگر آپ اپنی صحت کے منصوبے کے نیٹ ورک میں شامل نہ رہے فراہم کنندہ یا صحت کی دیکھ بھال کے ٹھور ٹھکانے میں طبی خدمات حاصل کریں، تو آپ کو مکمل بل بھی ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

”نیٹ ورک سے باہر“ سے مراد ایسے فراہم کنندگان یا صحت کے ٹھور ٹھکانے ہیں جنھوں نے آپ کی صحت کے منصوبے کے ساتھ خدمات کی فراہمی کا معاہدہ نہیں کیا ہے۔ کسی خدمت کے لیے آپ کے منصوبے سے ادا ہونے والی رقم اور اسی خدمت کے لیے مکمل اخراجات میں جو فرق ہو، اسے آپ سے طلب کرنے کی اجازت نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندگان کو ہو سکتی ہے۔ اس کو **”باقیات کی رقم طلبی“** کہا جاتا ہے۔ نیٹ ورک میں شامل اسی خدمت کے اخراجات سے یہ رقم غالباً زیادہ ہو گی، اور آپ کے منصوبے کی قابلِ منہائی یا سالانہ طور پر جیب سے ادائیگی کی رقم کی حد میں اس کا شمار نہیں بھی ہو سکتا ہے۔

”غیرمتوقع باقیات کی رقم طلبی“ باقیات کا ایسا بل ہے جس کی توقع نہیں ہوتی۔ یہ اس صورت میں ہو سکتا ہے جب آپ کی دیکھ بھال میں کس کو شامل کریں یا نہ کریں کے امر پر آپ کا کوئی اختیار نہ ہو، جیسے کہ جب آپ کو کوئی ہنگامی صورتحال درپیش ہو یا جب آپ نیٹ ورک میں شامل کسی مرکز میں ملاقات کا وقت متعین کریں لیکن غیر متوقع طور پر آپ کا علاج معالجہ نیٹ ورک سے باہر کوئی فراہم کنندہ کرے۔

غیرمتوقع طبی بلوں کے اخراجات ہزاروں ڈالر تک بھی ہو سکتے ہیں، جس کا انحصار طریقہ کار اور خدمت کی نوعیت پر ہے۔

آپ کو مندرجہ ذیل پر باقیات کی رقم طلبی سے تحفظ حاصل ہے:

ہنگامی خدمات

اگر آپ کو کوئی ہنگامی طبی صورتِ حال پیش آئے اور آپ نیٹ ورک سے باہر کسی فراہم کنندہ یا اسپتال سے ہنگامی خدمات حاصل کریں، تو وہ زیادہ سے زیادہ آپ سے وہ رقم طلب کر سکتے ہیں، جو (مشترکہ ادائیگی (copayments) یا مشترکہ انشورنس (coinsurance) کی ادائیگی یا قابلِ منہائی رقم جیسی) آپ کی صحت کے بیمہ منصوبے کے نیٹ ورک میں شامل لاگت کی شراکتداری کی رقم کے برابر ہو۔ ان ہنگامی خدمات کے لیے آپ سے باقیات کی رقم طلب **نہیں** کی جا سکتی ہے۔ اس میں وہ خدمات بھی شامل ہیں جو آپ کی صحت کے استحکام کے بعد آپ حاصل کر سکتے/سکتی ہیں، تا وقتیکہ آپ کی صحت کے استحکام کے بعد کی خدمات کے لیے باقیات کی رقم طلبی نہ کرنے کے تحفظ سے آپ دستبردار ہونے کے لیے تحریری رضامندی نہ دیں۔ اگر آپ کی صحت کے بیمے کے شناختی کارڈ میں ”صحت کے بیمے میں مکمل شاملات“ لکھا ہو، تو آپ کی صحت کے استحکام کے بعد کی خدمات کے لیے باقیات کی رقم طلبی نہ کرنے کے تحفظ سے آپ دستبردار ہونے کے لیے تحریری رضامندی ***نہیں دے سکتے/سکتی*** ہیں۔

نیٹ ورک میں شامل اسپتال یا گشتی جراحتی مرکز میں بعض خدمات

جب آپ نیٹ ورک میں شامل اسپتال یا گشتی جراحتی مرکز سے خدمات حاصل کرتے ہیں تو ممکن ہے بعض فراہم کنندگان نیٹ ورک سے باہر کے ہوں۔ ایسی صورتوں میں یہ فراہم کنندگان زیادہ سے زیادہ آپ سے وہ رقم طلب کر سکتے ہیں جو آپ کی صحت کے بیمہ منصوبے میں شامل لاگت کی شراکتداری کی رقم کے برابر ہو۔ اس کا اطلاق ہنگامی ادویات، بے ہوش کئے جانے، تشخیصِ امراض، ریڈیولاجی، لیبارٹری، نوزائیدہ بچوں کے امراض و دیکھ بھال، معاون جراح (سرجن)، اسپتال اور شدت کی حامل خدمات پر ہوتا ہے۔ یہ فراہم کنندگان آپ سے باقیات کی رقم طلبی ***نہیں کر سکتے*** اور باقیات کی رقم طلبی نہ کرنے کے تحفظ سے آپ کے دستبردار ہونے کی بات **نہیں** کہہ سکتے ہیں۔

اپنی صحت کی دیکھ بھال کی لاگت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے QR (کیو آر) کوڈ اسکین کریں۔

اگر آپ نیٹ ورک میں موجود طبی مراکز میں دیگر طرح کی خدمات حاصل کریں، تو نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندگان آپ سے باقیات کی رقم طلبی **نہیں کر سکتے** ہیں، تاوقتیکہ آپ تحریری رضامندی نہ دیں اور باقیات کی رقم طلبی کے اپنے تحفظ سے دستبردار نہ ہو جائیں۔ اگر آپ کی صحت کے بیمے کے شناختی کارڈ میں "صحت کے بیمے میں مکمل شاملات" لکھا ہو، تو اگر وہ آپ سے غیرمتوقع باقیات کی رقم طلبی کریں، آپ ان خدمات کے لیے اپنے تحفظات سے دستبردار **نہیں ہو سکتے/سکتی** ہیں۔ غیرمتوقع باقیات کی رقم طلبی تب ہوتی ہے جب آپ نیٹ ورک میں موجود اسپتال یا گشتی جراحتی ٹھور ٹھکانے میں ہوں اور ایک شرکت کنندہ ڈاکٹر دستاب نہ ہونے کی وجہ سے ایک غیرشرکت کنندہ ڈاکٹر، آپ کے علم کے بغیر، آپ کو خدمات فراہم کرے یا پھر آپ کو غیرمتوقع طور پر طبی خدمات فراہم کیں جائیں۔

آپ کے نیٹ ورک میں موجود ڈاکٹر کی جانب سے سفارش کردہ خدمات

اگر آپ کی صحت کے بیمے کے شناختی کارڈ میں "صحت کے بیمے میں مکمل شاملات" لکھا ہے، تو نیٹ ورک میں شامل آپ کے ڈاکٹر کے ذریعے، آپ کی رضامندی کے بغیر، آپ کو (لیبارٹری اور تشخیصِ امراض کی خدمات سمیت) نیٹ ورک سے باہر کسی فراہم کنندہ کے پاس سفارش کرنے کا امر بھی غیرمتوقع باقیات کی رقم طلبی میں شامل ہے۔ یہ فراہم کنندگان آپ سے باقیات کی رقم طلبی **نہیں کر سکتے** اور باقیات کی رقم طلبی نہ کیے جانے کے تحفظ سے آپ کے دستبردار ہونے کی بات **نہیں** کہہ سکتے ہیں۔ باقیات کی رقم طلبی سے مکمل تحفظ لاگو کرانے کے لیے آپ کو ایک فارم میں دستخط کرنی پڑ سکتی ہے (یہ فارم ڈپارٹمنٹ آف فائنشل سروسز (مالیاتی خدمات کے محکمہ) کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے)۔

باقیات کی رقم طلبی سے آپ کے تحفظات سے آپ کو کبھی بھی دستبردار ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ نیٹ ورک سے باہر دیکھ بھال حاصل کرنے کی بھی آپ کو ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنی صحت کے بیمہ منصوبے کے نیٹ ورک میں موجود فراہم کنندہ یا صحت کے ٹھور ٹھکانے کا انتخاب کر سکتے/سکتی ہیں۔

باقیات کی رقم طلبی کی اجازت نہ ہو، تو آپ کو مندرجہ ذیل تحفظات بھی حاصل ہیں:

- آپ صرف اپنے حصے کا خرچ ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں (جیسے کہ مشترکہ ادائیگی (copayments) یا مشترکہ انشورنس (coinsurance) کی ادائیگی اور قابلِ منہائی رقم جو آپ فراہم کنندہ یا صحت کا ٹھور ٹھکانا نیٹ ورک میں شامل ہونے کی صورت میں ادا کرتے)۔ نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندگان اور صحت کے ٹھور ٹھکانوں کو کسی بھی قسم کے اضافی اخراجات کی ادائیگی آپ کی صحت کا بیمہ منصوبہ براہِ راست کرے گا۔
- عموماً، آپ کی صحت کے بیمہ منصوبہ میں لازمی طور پر:
  - مذکورہ خدمات کے لیے، آپ کے ذریعے بیمہ کمپنی سے ماقبل منظوری حاصل کرنے کی ضرورت کے بغیر، ہنگامی خدمات شامل (اس کو "ماقبل اجازت" بھی کہا جاتا ہے) ہونیں چاہیں۔
  - نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندگان کی ہنگامی خدمات شامل ہونیں چاہیں۔
  - آپ کو نیٹ ورک میں موجود فراہم کنندہ یا صحت کے ٹھور ٹھکانے کو [کسی خدمت کے لیے] جتنی رقم ادا کرنی پڑتی، اسی بنیاد پر کسی [باہری] فراہم کنندہ یا طبی مرکز کو آپ کو کتنی رقم ادا کرنی ہو گی (اخراجات کی شراکتداری) کا تعین کرے اور اس رقم کو آپ کی حاصل کردہ سہولیات کی وضاحت میں دکھانا چاہیے۔
  - ہنگامی خدمات یا نیٹ ورک سے باہر خدمات کے لیے آپ جو رقوم ادا کریں، وہ اپنے نیٹ ورک میں شامل خدمات میں قابلِ منہائی اور جیب سے ادا ہونے والی رقوم کی حد میں شامل ہونیں چاہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ سے غلط رقم طلبی کی گئی ہے اور آپ کی صحت کا بیمہ منصوبہ نیویارک کے قانون کے تحت ("صحت کے بیمے میں مکمل شاملات") ہے، تو آپ NYC Health + Hospitals کو 1-844-692-4692 پر کال کر سکتے ہیں اور ہمیں بتا سکتے ہیں کہ آپ کے خیال میں آپ سے غلط رقم طلب کی گئی ہے

اگر ہم براہِ راست آپ کی مدد نہ کر سکیں تو آپ 1-800-342-3736 یا surprisemedicalbills@dfs.ny.gov پر نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف فائنشل سروسز (نیو یارک ریاست کے مالیاتی خدمات کے محکمہ) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ریاستی قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں معلومات کے لیے www.dfs.ny.gov پر جائیں۔

بہ ذاتِ خود ادائیگی کردہ یا نیو یارک کے باہر سے خرید کردہ صحت کے بیمہ منصوبہ کے لیے 1-800-985-3059 پر CMS سے رابطہ کریں۔ وفاقی قانون کے تحت حقوق کے بارے میں معلومات کے لیے www.cms.gov/nosurprises/consumers پر جائیں۔